# Assignment

# B.Com 2nd Semester

## 2020 Admitted Batch

# Financial Accounting-II

یہ مفوضہ ان طلبا کے لیے ہے جنہوں نے 2020 میں بی۔کام میں داخلہ
لیا تھا اور جو پہلا سمسٹر مکمل کر کے دوسرے سمسٹر کی تیاری کر رہے ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| | مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی | |
| | نظامت فاصلاتی تعلیم مفوضہ کام - 1 | |
| کورس: بی کام | سمسٹر: دوسرا | اکائی: 1 تا 8 |
| | مضمون: فینانشیل اکاؤنٹنگ - II | |
| داخل کرنے کی آخری تاریخ: | | جملہ نشانات: 30 |

## حصہ:الف

1. خالی جگہوں کو پُر کیجیے۔ (5 x 1 = 5)

i) 1,00,000 روپے پر 5% عام کمیشن کی رقم ______________ روپے ہوگی۔

ii) بل آف ایکسچینج میں ______________ فریقین ہوتے ہیں۔

iii) 50,000 روپے پر 2% نقصان کی رقم ______________ روپے ہوگی۔

iv) فی سیکل 10 روپے مصارف ہو تو 100 سیکل کے مصارف ______________ روپے ہوگی۔

v) 1,00,000 روپے پر 10 فیصد منافع کی رقم ______________ روپے ہوگی۔

## حصہ:ب

ذیل کے سوالات میں سے کسی پانچ کے جوابات دیجیے۔ (5 x 3 = 15)

2. بل (Bill) کی تعریف کیجیے۔اس کے خدوخال بیان کیجیے۔

3. پرامیسری نوٹ اور بل آف ایکسچینج کے درمیان فرق کیجیے۔

4. مرتب اور مرتب الیہ کی کتابوں میں نمونہ کے طور پر جرنل اندراجات لکھیے۔

5. امدادی بل اور تجارتی بل کے درمیان امتیاز کیجیے۔

6. ترسیل مال (Consignment) اور فروخت (Sale) کے درمیان امتیاز کیجیے۔

7. معمولی نقصان اور غیر معمولی نقصان کی وجوہات بیان کیجیے۔

8. یکم اپریل 2020 کے مسٹر شاکر 2,00,000 روپے کا مال اُدھار خرید کر دو ماہ کی بل کی قبولیت مسٹر جاوید کو دیتا ہے۔ وقت پر بل ادا ہوتی ہے۔ دونوں کے کتابوں میں عام اندراجات کیجیے۔

9. یکم جنوری 2019 کو ممبئی کے مسٹر شاداب نے کلکتہ کے مسٹر نواب کو فی سیکل 10,000 روپے کے حساب سے 50 سیکل روانہ کرتا ہے۔ سیکل کی پیکنگ انشورنس اور حمل ونقل کے 10,000 روپے اخراجات ادا کرتا ہے۔ نواب نے فی سیکل 13,000 روپے کے حساب

سے تمام سیکل فروخت کرتا ہے، جس پر 10% عام کمیشن دیا جاتا ہے۔نواب نے کرایہ کے 5,000 روپے اور مزدوری کے 1,000 روپئے اخراجات ادا کرتا ہے۔شاداب کے کتاب میں ضروری کھاتہ کھولتے ہوئے عام اندراجات کیجئے۔

حصہ:ج

ذیل کے سوالات میں سے کسی دو کے جوابات تفصیل سے دیجئے۔ (2 x 5 = 10)

10. معمولی اور غیر معمولی نقصان کا حساب کس طرح کیا جاتا ہے۔وضاحت کیجئے۔

11. مرسل (Consinor) کی کتابوں میں جرنل اندراجات کیجئے۔

12. بیجک قیمت (Invoice Price) سے کیا مراد ہے؟اس کے حسابی طرز عمل بیان کیجئے۔

13. یکم جنوری 2020 کو مسٹر زاہد نے 2,00,000 روپئے کا مال مسٹر نواز کو فروخت کرتا ہے۔اور 50,000 روپئے کے چار بل بالترتیب دو ماہ چار ماہ پانچ ماہ اور چھ ماہ میں ادائیگی پر بل مرتب کرتا ہے جس کو نواز قبولیت دیتا ہے۔وقت مقررہ پر تمام بل قبول ہوتے ہیں۔دونوں کے کتابوں میں عام اندراجات کیجئے۔

14. بنگلور کے مسٹر ریاض نے فی ٹی وی کی حقیقی قیمت 20,000 روپئے ہے۔50 ٹی وی کو ممبئی کے مسٹر شاکر کو 10% بیجک قیمت کے ساتھ روانہ کرتا ہے۔ مال کی روانگی پر 2,000 روپئے اور بیمہ کے 3,000 روپئے اخراجات کو ریاض ادا کرتا ہے۔ شاکر نے فی ٹی وی 18,000 روپئے کے حساب سے تمام ٹی وی فروخت کرتا ہے، جس پر 15% کمیشن دیا جاتا ہے۔شاکر نے متفرق اخراجات 5,000 روپئے ادا کرتا ہے۔ریاض کے کتاب میں ضروری کھاتے اور عام اندراجات کیجئے۔

☆☆☆

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

نظامت فاصلاتی تعلیم مفوضہ کام - 2

کورس: بی کام سمسٹر: دوسرا اکائی: 9 تا 16

مضمون: فینانشیل اکاؤنٹنگ - II

داخل کرنے کی آخری تاریخ: جملہ نشانات: 30

حصہ: الف

1. خالی جگہوں کو پُر کیجیے۔ (5 x 1 = 5)

i) __________ طریقے میں صرف شخصی کھاتے رکھے جاتے ہیں۔

ii) جوائنٹ وینچر کاروبار میں کم از کم __________ فریقین ہوتے ہیں۔

iii) ڈیبٹ اور کریڈیٹ __________ اندراج کے طریقے میں پائے جاتے ہیں۔

iv) دوہرے اندراج کے طریقے کو __________ نے پیش کیا۔

v) اکہرے اندراج کے طریقہ کا استعمال __________ تاجرین کے لئے موزوں ہے۔

حصہ: ب

ذیل کے سوالات میں سے کسی پانچ کے جوابات دیجیے۔ (5 x 3 = 15)

2. مشترکہ مہم (Joint Venture) کیا ہے؟ اس کے فریق کون ہوتے ہیں؟ بیان کیجیے۔

3. مشترکہ مہم (Joint Venture) اور ترسیل مال (Consignment) کے درمیان فرق کیجیے۔

4. جوائنٹ بینک اکاؤنٹ کیا ہے؟ اس کا استعمال بیان کیجیے۔

5. مشترکہ مہم (Joint Venture) کے تحت رکھے جانے والے کھاتوں کے طریقے لکھیئے۔

6. میمورنڈم جوائنٹ وینچر کیا ہے؟ اس کا نمونہ دیجیے۔

7. کووینچرز کی جانب سے کھاتوں کا الگ سیٹ رکھنے پر حسابی طرز عمل لکھیئے۔

8. اکہرے اندراج کے طریقے سے کیا مراد ہے؟ اس کے خصوصیات بیان کیجیے۔

9. ذیل کے تفصیلات کی مدد سے اکہرے اندراج کے طریقے کے مطابق اندراجات کیجیے۔

فرخت 1,00,000 روپے، خریدی 10,000 روپے، شان سے حاصل رقم 5,000 روپے، کرایہ ادا کیا گیا 6,000 روپے، اجرت ادا کیا گیا 5,000 روپے۔

P.T.O

حصہ: ج

ذیل کے سوالات میں سے کسی دو کے جوابات تفصیل سے دیجیے۔ (2 x 5 = 10)

10. اکہرے اندراج کا طریقہ کیا ہے؟ اس کی خصوصیات بیان کیجیے۔

11. اکہرے اندراج اور دوہرے اندراج کے درمیان فرق کیجیے۔

12. اکہرے اندراج کے نظام کی خامیاں بیان کیجیے۔

13. A اور B دونوں ایک ملبوسات کے کاروبار میں مشترکہ مہم میں نفع ونقصان کے مساوی حصے دار ہیں۔ کاروبار میں A اور B دونوں ایک ایک لاکھ روپئے مشغول کرتے ہیں۔ کاروبار کیلئے 40,000 روپئے کے ملبوسات خریدے گئے۔ کاروبار کے متفرق اخراجات 10,000 روپئے ادا کیئے گئے۔ دوران سال فروخت 4,00,000 روپئے ہے۔ مسٹر B ذاتی استعمال کے لئے 10,000 روپئے کا مال کاروبار سے لیتا ہے۔ مسٹر A کاروباری فرائض انجام دیتا ہے، جس کو 10,000 روپئے تنخواہ ادا کی جاتی ہے۔ عام اندراجات کرتے ہوئے ضروری کھاتے کھولیئے۔

14. ریاض اور نعیم ایک مشترکہ باہمی کاروبار میں 2:1 کے تناسب میں نفع ونقصان کے حصے دار ہیں۔ A اور B مشترکہ بینک اکاؤنٹ میں بالترتیب 2,00,000 روپئے اور 1,00,000 روپئے جمع کرتے ہیں۔ کاروبار کے دیگر تفصیلات اس طرح ہیں: فروخت 5,00,000 روپئے، مال کی خریدی 1,00,000 روپئے، اجرت 20,000 روپئے، کرایہ 6,000 روپئے۔ عام اندراجات کے ساتھ ضروری کھاتے کھولیئے۔

☆☆☆

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

نظامت فاصلاتی تعلیم　　　مفوضہ کام - 3

کورس: بی کام　　　سمسٹر: دوسرا　　　اکائی: 17 تا 24

مضمون: فینانشیل اکاؤنٹنگ - II

داخل کرنے کی آخری تاریخ:　　　جملہ نشانات: 30

حصہ: الف

1. خالی جگہوں کو پُر کیجیے۔ (5 x 1 = 5)

i) 1,00,000 روپئے پر 10% فرسودگی عائد کرنے پر 6 ماہ کی فرسودگی کی رقم __________ روپئے ہوگی۔

ii) مالیاتی سال کی مدت __________ ہوتی ہے۔

iii) حاصل چندوں کے آمدنی واخراجات کھاتے میں __________ جانب بتلایا جاتا ہے۔

iv) تنخواہوں کو وصولی وادائیگی کھاتے میں __________ جانب بتلایا جاتا ہے۔

v) غیر کاروباری اداروں کو آمدنی کے ذرائع کی مثالیں __________ ہیں۔

حصہ: ب

ذیل کے سوالات میں سے کسی پانچ کے جوابات دیجیے۔ (5 x 3 = 15)

2. غیر کاروباری تنظیم سے کیا مراد ہے؟ اس کے خدوخال کیا ہیں؟

3. غیر کاروباری تنظیم کے فائدے اور نقصانات بیان کیجیے۔

4. وصولی اور ادائیگی کھاتے کا نمونہ دیجیے۔

5. آمدنی وخرچ کھاتے اور نفع ونقصان کھاتے کے درمیان فرق کیجیے۔

6. فرسودگی فنڈ انویسٹمنٹ طریقے کی وضاحت کیجیے۔

7. ذیل کے تفصیلات کی مدد سے سال 2021 کے چندے محسوب کیجیے۔

دوران سال 2021 میں حاصل جملہ چندے 3,80,000 روپئے، سال 2020 کے وصول شدنی چندے 20,000 روپئے، سال 2022 کے پیشکشی حاصل چندے 30,000 روپئے، سال 2021 کے وصول شدنی چندے 10,000 روپئے۔

8. ذیل کے تفصیلات کی مدد 31 ڈسمبر 2020 سال ختم پر وصولی وادائیگی کھاتہ تیار کیجیے۔ ہاتھ میں نقدی کے میزان 1,50,000 روپئے حاصل چندے 2,00,000 روپئے (بشمول 5,000 روپئے سال 2019 کے ہیں) حاصل کرایہ 50,000 روپئے، تنخواہیں 50,000

P.T.O

روپے، اجرت 10,000 روپے، سفری مصارف 20,000 روپے، حاصل سود 10,000 روپے، قدیم اخبارات کی فروخت 5,000 روپے، عمارت کی تعمیر پر عطیہ 1,00,000 روپے۔

9. یکم جنوری 2016 کو 2,00,000 روپے کی مشین خریدی گئی۔ یکم جنوری 2017 کو دوسری مشین خریدی گئی۔ دونوں مشینوں پر سالانہ 10% فرسودگی عائد کرتے ہوئے گھٹتے ہوئے بقایا کے طریقے پر پانچ سال کا مشین کھاتہ کھولیئے۔

## حصہ: ج

ذیل کے سوالات میں سے کسی دو کے جوابات تفصیل سے دیجئے۔ (2 x 5 = 10)

10. فرسودگی کے مفہوم کو بیان کرتے ہوئے اس کے اسباب کی وضاحت کیجئے۔

11. فرسودگی محسوب کرنے کے یکساں قسطوں کے طریقے اور گھٹتے ہوئے بقایا کے طریقے کے درمیان امتیاز کیجئے۔

12. غیر کاروباری تنظیم کی اہمیت اور اس کے افعال کو بیان کیجئے۔

13. یکم جنوری 2021 کو 1,00,000 روپے کی مشین خریدی گئی۔ یکم جولائی 2022 کو 2,00,000 روپے کی دوسری مشین خریدی گئی۔ یکساں قسطوں کے طریقے پر سالانہ 10% فرسودگی محسوب کرتے ہوئے 5 سال کا مشین کھاتہ کھولیئے۔

14. ذیل میں دیئے گئے تفصیلات کی مدد سے لائنسس کلب کا ڈسمبر 2020 سال ختم پر آمدنی واخراجات کھاتہ تیار کیجئے۔ حاصل چندے 2019-50,000 روپے، 2020-1,00,000 روپے، 2021-20,000 روپے، حاصل سود 20,000 روپے، حاصل کرایہ 10,000 روپے، ادا تنخواہیں 1,00,000 روپے، اجرت 20,000 روپے، سفری مصارف 20,000 روپے، تشہیر 50,000 روپے، عمارت کی تعمیر پر حاصل عطیہ 1,00,000 روپے (50% رقم کیپٹلائیز کیا جاتا ہے)۔

☆☆☆